مقالے کی ہیئت اور ترتیب:

تحقیق کے شروع میں ''سرورق'' اور ''اندرونی سرورق'' کے بعد ایک صفحہ ''انتساب'' کے لیے اور ایک ''کلماتِ تشکر'' کے لیے خاص ہوگا۔ اس میں معلومات جمع کرنے سے لے کر تحقیق کے منظر عام پر آنے تک مختلف مراحل میں تعاون کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ تحقیق میں ''فہرست مضامین'' بھی شامل کی جائے گی۔ اس میں ہر فصل، باب اور مرکزی عنوان کا صفحہ نمبر درج کیا جائے گا۔ اس کے بعد تحقیق کا اصل متن پھر آخر میں ضمیمہ جات اور کتابیات آئیں گی۔ اس طرح سے تحقیق کی ترتیب کچھ اس طرح سے ہوگی:

- بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آیتِ قرآنی یا حدیثِ نبوی (یا دونوں) کے لیے ایک صفحہ
- صفحہ برائے ''سرورق''
- صفحہ برائے ''اندرونی سرورق''
- صفحہ برائے ''خلاصہ تحقیق'' (اس کی ضرورت انکشافی علمی تحقیقات میں پیش آتی ہے)
- صفحہ انتساب
- صفحہ برائے ''کلماتِ تشکر''
- صفحات برائے فہرست

(مقالے میں نقشے، خاکے یا گراف موجود ہوں تو ان کے لیے الگ سے مخصوص فہرست ترتیب دی جائے گی)

- تحقیق کا مقدمہ
- تحقیق کا متن
- خاتمہ

www.alghanipublisher.com